Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 9 Short Questions Preparation

Q1. مذہب کس طرح انحراف سے روکتا ہے؟

Ans 1: مذہبی انحراف اور عقائد پر عمل نہ ہونے کی وجہ سے اخلاقی اقدار میں گراوٹ پیدا ہوتی ہے جس سے معاشرتی ضبط کمزور پڑجاتا ہے،اس لیے تمام مذہبی اداروں کو مضبوط بنیادوں کو قائم کرکے قرآن کریم کی تعلیم ہر فرد کے لیے لازمی قرار دی جائے.نماز،روزہ،زکوۃ کو دستور کے ذریعے عمل میں لانا چاہیے

Q2. رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسی تعلیم جو سکول،کالج اور یونیورسٹیوں میں دی جاتی ہے اور جس میں اساتذہ اور طلبہ کا کردار متعین ہو اور جس کا باقاعدہ کوئی سلیبس ہو رسمی تعلیم کہلاتی ہے.

Q3. معاشرتی اقدار کی دو خصوصیات لکھیں.

Ans 1: 1.معاشرتی اقدار اور معاشرہ میں نظم و استحکام پیدا کرتی ہے. 2.معاشرتی اقدار افراد کو کنٹرول کرتی ہے جس سے معاشرہ میں سماجی ضبط قائم ہوتا ہے

Q4. تصادم قدر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ہر معاشرے میں اقدار کا تصادم پایا جاتا ہے.ہر معاشرہ تغیر پذیر ہے جس کی وجہ سے ثقافتی اقدار میں تبدیلی آتی رہتی ہے،پرانی اقدار کی جگہ نئی اقدار لیتی ہیں.فرد کو بعض اوقات ایک ہی حالات میں کافی اقدار کا سامنا ہوتا ہے ،وہ ان میں سے کسی ایک کو اپناتا ہے.لیکن اس کے لیے ان میں سے کسی کو منتخب کرنا آسان نہیں ہوتا.

Q5. بدل کا کیا معنی ہے؟

Ans 1: بدل کے معنی انتقام کے ہیں،پٹھان سب کچھ بھول جاتا ہے مگر اپنے دشمن سے انتقام لینا نہیں بھولتا،وہ ہر قیمت پر انتقام لیتا ہے.

Q6. تعلیمی ادارے کے دو وظائف بیان کریں.

Ans 1: 1.تعلیم ایک نسل سےدوسری نسل تک ثقافت کی ترسیل کرتی ہے. 2.تعلیم فرد کو معاشرے میں رہنے کے قابل بناتی ہے

Q7. معاشرتی اقدار سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اقدار انفرادی یا ثقافتی معیار ہیں جن کے ذریعے ہم اشیاء کا موازنہ کرتے ہیں انہیں پسندیدہ اور ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں،انہیں غلط یا درست تسلیم کرتے ہیں.

Q8. تصادم قدر کی دو وجوہات تحریرکریں.

Ans 1: 1.معاشرتی تغیر 2.غیر لچکدار ثقافت

Q9. پاکستانی معاشرت کی کوئی سی دو اقدار لکھیں.

Ans 1: 1.وطن سے محبت اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کرنا بھی ایک اہم قدر ہے. 2.شادی بیاہ کی رسومات بھی ایک اہم قدر ہے.

Q10. بلوچی ثقافت میں عورت کی کیا اہمیت ہے؟

Ans 1: 1.عورت عزت و ناموس کا معیار ہے. 2.عورت انتہائی سادگی کو پسند کرتی ہے. 3.عورت پردے کی پابندی کرتی ہے.